بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ [سورۃ القمر ۱۷]

”اور یقیناً ہم نے بالکل آسان بنادیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کیلئے تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟“

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے

ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

﴿ يَعْتَذِرُوْنَ 11 ﴾

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن

لاہور - پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

معزز قارئین توجہ فرمائیں!

کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ....

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد آپ لوڈ (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

☆ تنبیہ ☆

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی وشرعی جرم ہے۔

﴿اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں﴾

- نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

kitabosunnat@gmail.com
www.KitaboSunnat.com

www.kitabosunnat.com

جملہ حقوق بحق بیت القرآن رجسٹرڈ محفوظ ہیں۔

نام کتاب	مصباح القرآن ﴿ یَعْتَذِرُوْنَ ﴾ پارہ نمبر 11
مرتب	پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر
نظر ثانی	مسز عطیہ انعام الٰہی صاحبہ
کمپوزنگ و ڈیزائننگ	محمد اکرم محمدی، مدثر بن یوسف، حافظ سعید عمران
ایڈیشن اول	اپریل 2009
پبلشر	''بیت القرآن'' پاکستان
ہدیہ	35 روپے

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بیت القرآن

پوسٹ بکس نمبر 150، جی پی او، لاہور، پاکستان۔

فون: 042-111 737 111 Ext:115

فیکس 042-111 737 111 Ext:111

ویب سائٹ www.bait-ul-quran.org

ای میل info@bait-ul-quran.org

سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے

فسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔

فون: 042-7320318 فیکس: 042-7239884

فضلی بک سپر مارکیٹ

نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔

فون: 021-2629724 فیکس: 021-2633887

پبلشر نوٹ

1. ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ ''بیت القرآن'' اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب پرنٹ شدہ ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔

2. ''بیت القرآن'' کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات و خواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کارِ خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کارِ خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ ''بیت القرآن'' کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمد للہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہو سکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاء اللہ العزیز۔

محمد قمر خان

رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

”مصباح القرآن“ سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر ”مصباح القرآن“ میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1. ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم وبیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کردی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہوجاتے ہیں انکے متعلق بہت فکرمندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ ”مفتاح القرآن“ میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کرلئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کرلیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہوجاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہوجاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہوجاتا ہے۔

2. سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کرکے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کردی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات ”مفتاح القرآن“ میں بیان کی جاچکی ہیں، اگر ”مصباح القرآن“ کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جاسکتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

يَعۡتَذِرُوۡنَ اِلَيۡكُمۡ اِذَا	وہ عذر پیش کریں گے تمھارے سامنے جب
رَجَعۡتُمۡ اِلَيۡهِمۡ ؕ قُلۡ لَّا تَعۡتَذِرُوۡا	تم لوٹو گے ان کی طرف کہہ دیجیے مت تم عذر پیش کرو
لَنۡ نُّؤۡمِنَ لَكُمۡ	ہرگز نہیں ہم یقین کریں گے تمہارا
قَدۡ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنۡ اَخۡبَارِكُمۡ ؕ	یقیناً خبردار کر چکا ہمیں اللہ تمہارے حالات سے
وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمۡ	اور عنقریب دیکھے گا اللہ تمہارے عمل کو
وَ رَسُوۡلُهٗ ثُمَّ تُرَدُّوۡنَ	اور اس کا رسول (بھی) پھر تم لوٹائے جاؤ گے
اِلٰى عٰلِمِ الۡغَيۡبِ وَ الشَّهَادَةِ	چھپی اور ظاہری باتیں جاننے والے کی طرف
فَيُنَبِّئُكُمۡ بِمَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿94﴾	پھر وہ خبر دے گا تمھیں (اس) کی جو تم عمل کرتے تھے۔ ﴿94﴾
سَيَحۡلِفُوۡنَ بِاللّٰهِ لَكُمۡ	عنقریب وہ قسمیں کھائیں گے اللہ کی تمھارے سامنے
اِذَا انۡقَلَبۡتُمۡ اِلَيۡهِمۡ	جب تم لوٹ کر جاؤ گے ان کی طرف
لِتُعۡرِضُوۡا عَنۡهُمۡ ؕ فَاَعۡرِضُوۡا عَنۡهُمۡ ؕ	تا کہ تم درگزر کرو ان سے تو تم درگزر کرو ان سے
اِنَّهُمۡ رِجۡسٌ ۡ وَّ مَاۡوٰىهُمۡ جَهَنَّمُ ۚ	بیشک وہ ناپاک ہیں اور ان کا ٹھکانہ جہنم ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَعۡتَذِرُوۡنَ : عذر، معذرت، اعتذار۔	سَيَرَى : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
رَجَعۡتُمۡ : رجوع، رجعت پسندی، مرجع۔	عَمَلَكُمۡ : عمل، اعمال، معمول۔
قُلۡ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	تُرَدُّوۡنَ : ردّ، مردود، ردِ عمل۔
نُّؤۡمِنَ : امن، ایمان، مومن۔	سَيَحۡلِفُوۡنَ : حلف، بیان حلفی، تقریب حلف برداری۔
نَبَّاَنَا : نبی، انبیاء، نبوت۔	انۡقَلَبۡتُمۡ : انقلاب، انقلابی۔
مِنۡ : منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔	فَاَعۡرِضُوۡا : اعراض کرنا۔
اَخۡبَارِكُمۡ : خبر، اخبار، مخبر۔	مَاۡوٰىهُمۡ : ملجا وماویٰ۔

● کالا رنگ : اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ : بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ : نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

يَعۡتَذِرُوۡنَ	اِلَيۡكُمۡ	اِذَا	رَجَعۡتُمۡ	اِلَيۡهِمۡ	قُلۡ ❶
وہ سب عذر پیش کریں گے	تمھارے سامنے	جب	تم لوٹو گے	ان کی طرف	کہہ دیجیے

لَّا تَعۡتَذِرُوۡا ❷	لَنۡ	نُّؤۡمِنَ	لَكُمۡ	قَدۡ	نَبَّاَنَا اللّٰهُ
مت تم سب عذر پیش کرو	ہرگز نہیں	ہم یقین کریں گے	تم پر	یقیناً	خبردار کر چکا ہمیں اللہ

مِنۡ اَخۡبَارِكُمۡ	وَ	سَيَرَى اللّٰهُ ❸	عَمَلَكُمۡ ❹	وَ رَسُوۡلُهٗ
تمھارے حالات سے	اور	عنقریب دیکھے گا اللہ	تمھارے عمل کو	اور اسکا رسول (بھی)

ثُمَّ تُرَدُّوۡنَ ❺	اِلٰى عٰلِمِ الۡغَيۡبِ وَ الشَّهَادَةِ	فَيُنَبِّئُكُمۡ ❹
پھر تم سب لوٹائے جاؤ گے	چھپی اور ظاہری باتیں جاننے والے کی طرف	پھر وہ خبر دے گا تمھیں

بِمَا	كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ❻ (94)	سَيَحۡلِفُوۡنَ	بِاللّٰهِ	لَكُمۡ
(اس) کی جو	تھے تم سب عمل کرتے	عنقریب وہ سب قسمیں کھائیں گے	اللہ کی	تمھارے سامنے

اِذَا	انۡقَلَبۡتُمۡ	اِلَيۡهِمۡ	لِتُعۡرِضُوۡا ❼	عَنۡهُمۡ	فَاَعۡرِضُوۡا
جب	تم لوٹ کر جاؤ گے	ان کی طرف	تاکہ تم سب درگزر کرو	ان سے	تو تم سب درگزر کرو

عَنۡهُمۡ ؕ	اِنَّهُمۡ	رِجۡسٌ	وَّ	مَاۡوٰىهُمۡ	جَهَنَّمُ
ان سے	بیشک وہ	ناپاک ہیں	اور	ان کا ٹھکانہ	جہنم ہے

ضروری وضاحت

❶قُلۡ دراصل قول سے بنا ہے آسانی کے لیے و کو گرادیا گیا ہے۔❷ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وۡا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔❸علامت ''يَ'' کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔❹علامت كُمۡ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھارا تمھاری تمھارے اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھیں کیا جاتا ہے۔❺فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔❻علامت تُمۡ اور تَ دونوں کا ترجمہ تم کیا گیا ہے۔❼فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿95﴾	اس کے بدلے میں جو وہ کماتے تھے۔ ﴿95﴾
يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ	وہ قسمیں کھائیں گے تمہارے لیے
لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ	تاکہ تم راضی ہو جاؤ ان سے
فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ	پس اگر تم راضی ہو بھی جاؤ ان سے
فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى	تو بے شک اللہ نہیں راضی ہوگا
عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿96﴾	نافرمان قوم سے۔ ﴿96﴾
اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّ نِفَاقًا	دیہاتی لوگ زیادہ سخت ہیں کفر اور نفاق میں
وَّ اَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ	اور زیادہ لائق ہے کہ نہ وہ جانیں ان حدود (احکام) کو
مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ؕ	جو اللہ نے نازل کیے اپنے رسول پر
وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿97﴾	اور اللہ خوب جاننے والا خوب حکمت والا ہے۔ ﴿97﴾
وَ مِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يَّتَّخِذُ	اور دیہاتیوں میں سے (کوئی ایسا ہے) جو خیال کرتا ہے
مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا	(اسے) جو (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتا ہے تاوان

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَكْسِبُوْنَ: کسب حلال، کسب معاش، کسبی۔	حُدُوْدَ : حدود اللہ، حدود و قیود، حد بندی۔
يَحْلِفُوْنَ : حلف، بیان حلفی، تقریب حلف برداری۔	اَنْزَلَ : نازل، نزول، منزل من اللہ۔
يَرْضٰى : راضی، مرضی، رضائے الٰہی۔	عَلٰى : علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
الْفٰسِقِيْنَ : فاسق و فاجر، فسق و فجور۔	رَسُوْلِهٖ : رسول، مرسل، انبیاء و رسل۔
اَشَدُّ : اشد، شدید، شدت، تشدد۔	عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، نظام تعلیم۔
كُفْرًا : کفر، کافر، کفران نعمت۔	حَكِيْمٌ : حکیم، حکمت و دانائی، علم و حکمت۔
نِفَاقًا : منافق، نفاق، منافقت۔	يُنْفِقُ : انفاق فی سبیل اللہ، نان و نفقہ۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

جَزَآءً	بِمَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ (95) ❶	يَحْلِفُوْنَ	لَكُمْ
بدلے میں	اسکے جو	تھے وہ سب کماتے	وہ سب قسمیں کھائیں گے	تمہارے لیے

لِتَرْضَوْا	عَنْهُمْ	فَاِنْ	تَرْضَوْا	عَنْهُمْ
تاکہ تم سب راضی ہو جاؤ	ان سے	پس اگر	تم سب راضی ہو جاؤ	ان سے

فَاِنَّ اللّٰهَ	لَا يَرْضٰى ❷	عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ (96) ❸
تو بے شک اللہ	نہیں راضی ہوگا	نافرمان قوم سے

اَلْاَعْرَابُ ❹	اَشَدُّ ❺	كُفْرًا	وَّ نِفَاقًا	وَّ	اَجْدَرُ ❺
دیہاتی لوگ	زیادہ سخت ہیں	کفر میں	اور نفاق میں	اور	زیادہ لائق ہیں

اَلَّا ❻	يَعْلَمُوْا	حُدُوْدَ ❼	مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ	عَلٰى رَسُوْلِهٖ ؕ
کہ نہ	وہ سب جانیں	ان حدود (احکام) کو	جو اللہ نے نازل کیے	اپنے رسول پر

وَ اللّٰهُ	عَلِيْمٌ ❽	حَكِيْمٌ (97) ❽	وَ	مِنَ الْاَعْرَابِ ❹
اور اللہ	خوب جاننے والا	خوب حکمت والا ہے	اور	دیہاتیوں میں سے

مَنْ	يَّتَّخِذُ ❷	مَا	يُنْفِقُ	مَغْرَمًا ❼
(کوئی ایسا ہے) جو	خیال کرتا ہے	(اسے) جو	(اللہ کی راہ میں) وہ خرچ کرتا ہے	تاوان

ضروری وضاحت

❶علامت وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❷علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ اَلْقَوْمِ میں کیونکہ زیادہ لوگ شامل ہوتے ہیں اس لیے اس کے ساتھ الْفَاسِقِيْنَ جمع آیا ہے علامت يْنَ کے الگ ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹اَلْاَعْرَابُ جمع ہے اَعْرَابِيٌّ کی۔ ❺ اَشَدُّ اور اَجْدَرُ کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❻اَلَّا اصل میں اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔ ❼فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ❽اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَّ يَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآىِٕرَ ؕ	اور انتظار کرتے ہیں تم پر زمانے کی گردشوں کا
عَلَيْهِمْ دَآىِٕرَةُ السَّوْءِ ؕ	انہی پر ہے بری گردش
وَ اللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿98﴾	اور اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہے۔ ﴿98﴾
وَ مِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ	اور دیہاتیوں میں سے (کچھ ایسے ہیں) جو ایمان لاتے ہیں
بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ يَتَّخِذُ	اللہ پر اور آخرت کے دن (پر) اور خیال کرتے ہیں
مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ	(اسے) جو خرچ کرتے ہیں (اللہ کی راہ میں) قربتوں کا ذریعہ
عِنْدَ اللّٰهِ وَ صَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ؕ	اللہ کے ہاں اور رسول کی دعائیں (لینے کا ذریعہ)
اَلَاۤ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ	خبردار بیشک یہ (خرچ کرنا) قربت کا ذریعہ ہے انکے لیے
سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ	عنقریب داخل کرے گا انہیں اللہ اپنی رحمت میں
اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿99﴾ ع 12/10/1	بیشک اللہ بہت بخشنے والا نہایت رحم کرنے والا ہے۔ ﴿99﴾
وَ السّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ	اور سبقت کرنے والے پہلے لوگ
مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَ الْاَنْصَارِ	مہاجرین اور انصار میں سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الدَّوَآىِٕرَ : دورِحاضر، دورِجدید، دورہ، دور۔	رَحْمَتِهٖ : بارانِ رحمت، رحمت باری تعالیٰ۔
السَّوْءِ : علمائے سو، ظنِ سوء، اعمال سیّئہ۔	غَفُوْرٌ : دعائے مغفرت، استغفار۔
سَمِيْعٌ : سمع وبصر، قوت سماعت، سامعین۔	رَّحِيْمٌ : رحیم وکریم، رحم کی اپیل، رحم دلی۔
عَلِيْمٌ : علم، تعلیم، معلوم، نظام تعلیم۔	السّٰبِقُوْنَ : سبقت، سابق، حسبِ سابق۔
الْيَوْمِ : یوم آخرت، یوم پاکستان، ایام۔	الْاَوَّلُوْنَ : اول، اول وآخر، اولین، اول پوزیشن۔
صَلَوٰتِ : صوم وصلوٰۃ، صلوٰۃ وسلام۔	الْمُهٰجِرِيْنَ : مہاجر، ہجرت، مہاجرین
سَيُدْخِلُهُمُ : داخل، اعلان داخلہ، وزیر داخلہ۔	الْاَنْصَارِ : انصار، نصرت، ناصر، منصور۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ	يَتَرَبَّصُ ❶	بِكُمُ	الدَّوَآئِرَ	عَلَيْهِمْ
اور	وہ انتظار کرتے ہیں	تم پر	زمانے کی گردشوں کا	انہی پر ہے

دَآئِرَةُ السَّوْءِ ط ❷	وَ اللّٰهُ	سَمِيْعٌ ❸	عَلِيْمٌ ❸ (98)
بری گردش	اور اللہ	خوب سننے والا	خوب جاننے والا ہے

وَ	مِنَ الْاَعْرَابِ	مَنْ	يُّؤْمِنُ ❹	بِاللّٰهِ	وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ
اور	دیہاتیوں میں سے	(کوئی ایسا ہے) جو	ایمان لاتا ہے	اللہ پر	اور آخرت کے دن پر

وَ	يَتَّخِذُ ❺	مَا يُنْفِقُ	قُرُبٰتٍ ❷	عِنْدَ اللّٰهِ
اور	وہ خیال کرتا ہے	اسے جو وہ خرچ کرتا ہے	(اللہ کی راہ میں) قربتوں کا ذریعہ	اللہ کے ہاں

وَ	صَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ط ❷	اَلَآ	اِنَّهَا	قُرْبَةٌ ❷	لَّهُمْ ط
اور	رسول کی دعائیں (لینے کا ذریعہ)	خبردار	بیشک یہ (خرچ کرنا)	قربت (کا ذریعہ) ہے	ان کے لیے

ع 12 10 1

سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ ❹	فِيْ رَحْمَتِهٖ	اِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ ❸	رَّحِيْمٌ ❸ ع (99)
عنقریب داخل کرے گا انہیں اللہ	اپنی رحمت میں	بیشک اللہ	بہت بخشنے والا	نہایت رحم کرنے والا ہے

وَ	السّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ ❻	مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ ❼	وَ	الْاَنْصَارِ
اور	سبقت کرنے والے سب پہلے لوگ	ہجرت کرنے والوں میں سے	اور	انصار (میں سے)

ضروری وضاحت

❶ علامت تَ اور شدّ میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ علامت ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ علامت یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❺ يَتَّخِذُ کا اصل ترجمہ وہ بناتا ہے۔ ❻ السّٰبِقُوْنَ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ	اور وہ لوگ جنھوں نے پیروی کی ان کی
بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ	نیکی کے ساتھ راضی ہوا اللہ ان سے
وَ رَضُوْا عَنْهُ وَ اَعَدَّ لَهُمْ	اور وہ راضی ہوئے اس سے اور تیار کیے ہیں انکے لیے
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ	(اللہ نے ایسے) باغات کہ بہتی ہیں انکے نیچے سے نہریں
خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ؕ	(وہ) رہنے والے ہیں ہمیشہ ان میں ابد تک
ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿100﴾	یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔ ﴿100﴾
وَ مِمَّنْ حَوْلَكُمْ	اور (بعض) ان میں سے جو تمہارے اردگرد
مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ؕ	دیہاتیوں میں سے منافق ہیں
وَ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛؔ	اور (بعض) اہل مدینہ میں سے (بھی جو)
مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ ۫	اڑے ہوئے ہیں نفاق پر
لَا تَعْلَمُهُمْ ؕ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ؕ	آپ نہیں جانتے انہیں، ہم جانتے ہیں انہیں
سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ	عنقریب ہم عذاب دیں گے انہیں دو مرتبہ پھر

وقف منزل

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اتَّبَعُوْهُمْ : اتباعِ سنت، تابعدار، تابع فرمان۔	اَبَدًا : ابدالآباد، ابد سے ازل تک۔
بِاِحْسَانٍ : احسان، محسن، احسانات۔	الْفَوْزُ : فوز وفلاح، فائز ہونا۔
اَعَدَّ : اعداد وترتیب، مستعد ہونا۔	الْعَظِيْمُ : عظیم، عظمت، معظم، تعظیم۔
تَجْرِيْ : جاری وساری، مروجہ، جاری شدہ۔	حَوْلَكُمْ : ماحول، حوالی شہر، حول الکعبہ۔
تَحْتَهَا : تحت الارض، ماتحت، تحت الثریٰ۔	مُنٰفِقُوْنَ : منافق، نفاق، منافقت۔
خٰلِدِيْنَ : خلد بریں، خالد۔	عَلَى : علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
فِيْهَاۤ : فی الفور، فی الحال، مافی الضمیر۔	سَنُعَذِّبُهُمْ : عذاب، عذابِ الیم، عذاب جھیلنا۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ	الَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْهُمْ	بِاِحْسَانٍ	رَّضِيَ اللّٰهُ ❶
اور	وہ لوگ جن	سب نے پیروی کی ان کی	نیکی کیساتھ	راضی ہوا اللہ

عَنْهُمْ	وَ	رَضُوْا	عَنْهُ	وَ	اَعَدَّ	لَهُمْ
ان سے	اور	وہ سب راضی ہوئے	اس سے	اور	تیار کیے ہیں	انکے لیے

جَنّٰتٍ ❷	تَجْرِيْ ❸	تَحْتَهَا	الْاَنْهٰرُ ❶	خٰلِدِيْنَ
(ایسے) باغات	کہ بہتی ہیں	انکے نیچے سے	نہریں	(وہ) سب ہمیشہ رہنے والے ہیں

فِيْهَآ	اَبَدًا ط	ذٰلِكَ الْفَوْزُ ❹❺	الْعَظِيْمُ (100)	وَ	مِمَّنْ ❻
ان میں	ابد تک	یہ ہی کامیابی ہے	بہت بڑی	اور	(بعض) ان میں سے جو

حَوْلَكُمْ	مِّنَ الْاَعْرَابِ	مُنٰفِقُوْنَ	وَ	مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ
تمہارے اردگرد	دیہاتیوں میں سے	سب منافق ہیں	اور (بعض)	اہل مدینہ میں سے (بھی)

مَرَدُوْا	عَلَى النِّفَاقِ	لَا تَعْلَمُهُمْ ❼ ط
(جو) سب اڑے ہوئے ہیں	نفاق پر	نہیں آپ جانتے انہیں

نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ❼❽	سَنُعَذِّبُهُمْ ❼	مَّرَّتَيْنِ	ثُمَّ
ہم جانتے ہیں انہیں	عنقریب ہم عذاب دیں گے انہیں	دو مرتبہ	پھر

ضروری وضاحت

❶ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔❷ ات اسم کے آخر میں جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❸ علامت تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❹ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے ضرورتاً یہ ترجمہ کر دیا جاتا ہے۔❺ ذٰلِكَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔❻ مِمَّنْ اصل میں مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔❼ فعل کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔❽ نَحْنُ اور نَ دونوں کا ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ج ﴿101﴾	وہ لوٹائے جائیں گے بہت بڑے عذاب کی طرف۔ ﴿101﴾
وَ اٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا	اور (کچھ) دوسرے ہیں (جنھوں نے) اعتراف کیا
بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا	اپنے گناہوں کا، انہوں نے ملایا اچھا عمل
وَّ اٰخَرَ سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ	اور دوسرا برا عمل، قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ
يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ	توجہ (مہربانی) فرمائے گا ان پر
اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿102﴾	بیشک اللہ بہت بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ ﴿102﴾
خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً	آپ لیجئے انکے مالوں میں سے صدقہ (تاکہ)
تُطَهِّرُهُمْ وَ تُزَكِّيْهِمْ	آپ پاک کریں انہیں اور آپ تزکیہ کریں ان کا
بِهَا وَ صَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ	اسکے ذریعے اور دعا فرمائیں انکے حق میں بیشک
صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ	آپکی دعا (باعثِ) سکون ہے ان کے لیے
وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿103﴾	اور اللہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے۔ ﴿103﴾
اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ	کیا نہیں جانا انہوں نے کہ بیشک اللہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُرَدُّوْنَ : ردکرنا، مردود، تردید۔
اِعْتَرَفُوْا : اعتراف، معترف۔
خَلَطُوْا : مخلوط، اختلاط، خلط ملط۔
عَمَلًا : عمل، اعمال، عامل، معمول۔
صَالِحًا : صالح، صلح، مصلح۔
سَيِّئًا : سوئے ظن، علمائے سوء۔
يَتُوْبَ : توبہ، تائب۔

خُذْ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
اَمْوَالِهِمْ : مال وجان، مال واولاد، مال ومتاع۔
صَدَقَةً : صدقہ، صدقات، صدقہ وخیرات۔
تُطَهِّرُهُمْ : طہارت، طاہر، مطہر۔
تُزَكِّيْهِمْ : تزکیہ، زکوٰۃ، تزکیۂ نفس۔
سَكَنٌ : ساکن، سکون، تسکین۔
سَمِيْعٌ : سمع وبصر، آلۂ سماعت۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

يُرَدُّوْنَ ❶	اِلٰى عَذَابٍ	عَظِيْمٍ ❷ (101)	وَ	اٰخَرُوْنَ ❸
وہ سب لوٹائے جائیں گے	عذاب کی طرف	بہت بڑے	اور	(کچھ) دوسرے ہیں

اعْتَرَفُوْا	بِذُنُوْبِهِمْ	خَلَطُوْا	عَمَلًا صَالِحًا
(جن) سب نے اعتراف کیا	اپنے گناہوں کا	ان سب نے ملایا	اچھا عمل

وَّ	اٰخَرَ سَيِّئًا	عَسَى اللّٰهُ اَنْ	يَّتُوْبَ ❹	عَلَيْهِمْ
اور	دوسرا برا (عمل)	قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ	توجہ (مہربانی) فرمائے	ان پر

اِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ ❷	رَّحِيْمٌ ❷ (102)	خُذْ ❺	مِنْ اَمْوَالِهِمْ
بیشک اللہ	بہت بخشنے والا	نہایت مہربان ہے	آپ لیجیے	انکے مالوں میں سے

صَدَقَةً ❻	تُطَهِّرُهُمْ	وَ	تُزَكِّيْهِمْ	بِهَا
صدقہ (تاکہ)	آپ پاک کریں انہیں	اور	آپ تزکیہ کریں ان کا	اس کے ذریعے

وَ	صَلِّ	عَلَيْهِمْ ❼ ط	اِنَّ	صَلٰوتَكَ	سَكَنٌ	لَّهُمْ ط
اور	دعا فرمائیں	انکے حق میں	بیشک	آپ کی دعا	(باعث) سکون ہے	ان کے لیے

وَاللّٰهُ	سَمِيْعٌ ❷	عَلِيْمٌ ❷ (103)	اَ	لَمْ يَعْلَمُوْٓا ❽	اَنَّ اللّٰهَ
اور اللہ	خوب سننے والا	خوب جاننے والا ہے	کیا	نہیں جانا اُن سب نے	کہ بیشک اللہ

ضروری وضاحت

❶ یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ خُذْ أَخَذَ سے بنا ہے تین حرفوں والے لفظ کا اگر پہلا حرف أ ہو تو اس کا امر بناتے ہوئے یہ أ گر جاتا ہے جیسے أَمَرَ سے مُرْ، أَكَلَ سے كُلْ۔ ❻ ة واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ عَلٰى کا اصل ترجمہ پر ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ حق میں کیا گیا۔ ❽ لَمْ کے بعد یہ کا ترجمہ عموماً اُس یا اُن کیا جاتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

هُوَ يَقۡبَلُ التَّوۡبَةَ عَنۡ عِبَادِهٖ	وہی قبول کرتا ہے توبہ کو اپنے بندوں سے
وَ يَاۡخُذُ الصَّدَقٰتِ وَ اَنَّ اللّٰهَ	اور وہ لیتا ہے صدقات اور یہ کہ بے شک اللہ
هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيۡمُ ﴿104﴾	ہی بہت توبہ قبول کرنے والا نہایت مہربان ہے۔ ﴿104﴾
وَ قُلِ اعۡمَلُوۡا فَسَيَرَى اللّٰهُ	اور کہہ دیجیے تم عمل کرو پس عنقریب دیکھے گا اللہ
عَمَلَكُمۡ وَ رَسُوۡلُهٗ وَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ؕ	تمہارے عمل کو اور اسکا رسول اور ایمان والے (بھی)
وَ سَتُرَدُّوۡنَ اِلٰى	اور عنقریب تم لوٹائے جاؤ گے اس کی طرف
عٰلِمِ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ	(جو) جاننے والا ہے چھپی اور ظاہری باتوں کو
فَيُنَبِّئُكُمۡ بِمَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ۚ ﴿105﴾	پھر وہ خبر دے گا تمہیں اسکی جو تھے تم عمل کرتے۔ ﴿105﴾
وَ اٰخَرُوۡنَ مُرۡجَوۡنَ لِاَمۡرِ اللّٰهِ	اور کچھ دوسرے ہیں جو مؤخر رکھے گئے ہیں اللہ کے حکم سے
اِمَّا يُعَذِّبُهُمۡ	یا تو وہ عذاب دے گا انہیں
وَ اِمَّا يَتُوۡبُ عَلَيۡهِمۡ ؕ	اور یا وہ توجہ (مہربانی) فرمائے گا ان پر
وَ اللّٰهُ عَلِيۡمٌ حَكِيۡمٌ ﴿106﴾	اور اللہ خوب جاننے والا بہت حکمت والا ہے۔ ﴿106﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَقۡبَلُ : قبول، مقبول، قبول کرنا۔	عَمَلَكُمۡ : عمل، اعمال، معمول۔
عِبَادِهٖ : عبد، عابد، معبود، عبادت۔	الۡمُؤۡمِنُوۡنَ : امن، ایمان، مومن۔
الصَّدَقٰتِ : صدقہ، صدقات، صدقہ و خیرات۔	فَيُنَبِّئُكُمۡ : نبی، نبوت، انبیاء۔
التَّوَّابُ : توبہ، تائب۔	لِاَمۡرِ : امر ربی، آمر، مامور۔
الرَّحِيۡمُ : رحیم و کریم، رحم کی اپیل، رحم دلی۔	يُعَذِّبُهُمۡ : عذاب، عذاب الیم، عذاب جھیلنا۔
قُلۡ : قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔	عَلِيۡمٌ : علم، عالم، معلوم، نظامِ تعلیم۔
فَسَيَرَى : رؤیتِ باری تعالیٰ، مرئی و غیر مرئی۔	حَكِيۡمٌ : حکیم، حکمت و دانائی، علم و حکمت۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

هُوَ يَقْبَلُ ❶	التَّوْبَةَ ❷	عَنْ عِبَادِهٖ	وَ	يَاْخُذُ	الصَّدَقٰتِ ❷
وہی قبول کرتا ہے	توبہ کو	اپنے بندوں سے	اور	وہ لیتا ہے	صدقات

وَ	اَنَّ	اللّٰهَ	هُوَ التَّوَّابُ ❸❹	الرَّحِيْمُ ❹ (104)
اور	یہ کہ بے شک	اللہ	ہی بہت توبہ قبول کرنے والا	نہایت مہربان ہے

وَ	قُلِ	اعْمَلُوْا	فَسَيَرَى اللّٰهُ ❺	عَمَلَكُمْ
اور	کہہ دیجیے	تم سب عمل کرو	پس عنقریب دیکھے گا اللہ	تمہارے عمل کو

وَ	رَسُوْلُهٗ	وَ	الْمُؤْمِنُوْنَ	وَ	سَتُرَدُّوْنَ	اِلٰى
اور	اسکا رسول	اور	سب ایمان لانے والے (بھی)	اور	عنقریب تم سب لوٹائے جاؤ گے	(اس) کی طرف

عٰلِمِ الْغَيْبِ	وَ الشَّهَادَةِ ❷	فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ❻ (105)
(جو) جاننے والا ہے چھپی	اور ظاہری باتوں کو	پھر وہ خبر دے گا تمہیں	اسکی جو	تھے تم سب عمل کرتے

وَ	اٰخَرُوْنَ ❼	مُرْجَوْنَ	لِاَمْرِ اللّٰهِ	اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ
اور	(کچھ) دوسرے ہیں	جو سب موخر رکھے گئے ہیں	اللہ کے حکم کیلئے	یا (تو) وہ عذاب دے گا انہیں

وَ	اِمَّا يَتُوْبُ	عَلَيْهِمْ	وَ اللّٰهُ	عَلِيْمٌ ❹	حَكِيْمٌ ❹ (106)
اور	یا وہ توجہ (مہربانی) فرمائے گا	ان پر	اور اللہ	خوب جاننے والا	بہت حکمت والا ہے

ضروری وضاحت

❶ هُوَ اور يَ دونوں کا ترجمہ وہی کیا گیا ہے۔ ❷ علامت ة اور ات اسم کیساتھ مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❻ علامت تُمْ اور تَ دونوں کا ترجمہ تم کیا گیا ہے۔ ❼ علامت وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا	اور وہ لوگ جنہوں نے مسجد بنائی ضرر پہنچانے
وَّ كُفْرًا وَّ تَفْرِيْقًا بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ	اور کفر پھیلانے اور تفرقہ ڈالنے کیلئے مؤمنوں کے درمیان
وَ اِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ	اور گھات کی جگہ (بنانے کیلئے) اسکی جس نے لڑائی کی اللہ
وَ رَسُوْلَهٗ مِنْ قَبْلُ ؕ	اور اسکے رسول سے اس سے قبل
وَ لَيَحْلِفُنَّ	اور ضرور بالضرور وہ قسمیں کھائیں گے
اِنْ اَرَدْنَاۤ اِلَّا الْحُسْنٰى ؕ وَ اللّٰهُ	(کہ) نہیں ہم نے ارادہ کیا مگر اچھائی کا اور اللہ
يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ (107)	گواہی دیتا ہے کہ بیشک وہ یقیناً جھوٹے ہیں۔ (107)
لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ؕ	آپ نہ کھڑے ہوں اس (مسجد) میں کبھی بھی
لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى	البتہ وہ مسجد (جسکی) بنیاد رکھی گئی تقویٰ پر
مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ	پہلے ہی دن سے زیادہ حق دار ہے
اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ؕ فِيْهِ رِجَالٌ	کہ آپ کھڑے ہوں اس میں، اس میں (ایسے) لوگ ہیں
يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ؕ	(جو) پسند کرتے ہیں کہ وہ پاک ہوں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ضِرَارًا	ضرر رساں، مضرِ صحت، بے ضرر۔	تَقُمْ	قائم، قیام، قائم مقام، مقیم۔
تَفْرِيْقًا	فرق، تفریق، تفرقہ، متفرق۔	اَبَدًا	ابدالآباد، ابد سے ازل تک۔
حَارَبَ	حرب، آلات حربی، متحارب گروپ۔	اُسِّسَ	اساس، تاسیس، مؤسس
لَيَحْلِفُنَّ	حلف، بیان حلفی، تقریب حلف برداری۔	التَّقْوٰى	تقویٰ، متقی۔
اَرَدْنَاۤ	ارادہ، مرید، مراد۔	اَحَقُّ	حق، حقیقت، محقق، تحقیق۔
يَشْهَدُ	شہادت، شاہد، عینی شاہدین، مشاہدہ۔	يُّحِبُّوْنَ	محبّ، محبوب، محبت، حبیب۔
لَكٰذِبُوْنَ	کذب بیانی، کاذب، تکذیب۔	يَّتَطَهَّرُوْا	طاہر، مطہر، طہارت۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ	الَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا	مَسْجِدًا ❶	ضِرَارًا	وَّ	كُفْرًا
اور	وہ لوگ جن	سب نے بنائی	مسجد	ضرر پہنچانے	اور	کفر پھیلانے

وَّ	تَفْرِيْقًا	بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ	وَ	اِرْصَادًا	لِّمَنْ
اور	تفرقہ ڈالنے کیلئے	مومنوں کے درمیان	اور	گھات کی جگہ بنانے کیلئے	(اس) کی جس نے

حَارَبَ	اللّٰهَ ❶	وَ	رَسُوْلَهٗ	مِنْ قَبْلُ ؕ	وَ	لَيَحْلِفُنَّ ❷
لڑائی کی	اللہ سے	اور	اسکے رسول سے	(اس) سے قبل	اور	ضرور بالضرور وہ قسمیں کھائیں گے

اِنْ ❸	اَرَدْنَآ	اِلَّا	الْحُسْنٰى	وَ اللّٰهُ	يَشْهَدُ ❹	اِنَّهُمْ
(کہ) نہیں	ہم نے ارادہ کیا	مگر	اچھائی کا	اور اللہ	گواہی دیتا ہے	کہ بیشک وہ

لَكٰذِبُوْنَ (107)	لَا تَقُمْ ❺	فِيْهِ	اَبَدًا	لَمَسْجِدٌ
یقیناً سب جھوٹے ہیں	آپ نہ کھڑے ہوں	اس (مسجد) میں	کبھی بھی	البتہ وہ مسجد

اُسِّسَ ❻	عَلَى التَّقْوٰى	مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ	اَحَقُّ ❼	اَنْ تَقُوْمَ
(جسکی) بنیاد رکھی گئی	تقویٰ پر	پہلے ہی دن سے	زیادہ حق دار ہے	کہ آپ کھڑے ہوں

فِيْهِ ؕ	فِيْهِ	رِجَالٌ	يُّحِبُّوْنَ	اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ❽
اس میں	اس میں	(ایسے) لوگ ہیں	(جو) وہ سب پسند کرتے ہیں	کہ وہ سب پاک ہوں

ضروری وضاحت

❶ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ❷ فعل کے شروع میں علامت لَ اور آخر میں نَّ تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❸ اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آرہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ❹ علامت یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ لَا کے بعد فعل کے آخر میں سکون میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❻ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ اَحَقُّ کے اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❽ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ اللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ﴿108﴾	اوراللہ پسند کرتا ہے پاک رہنے والوں کو ﴿108﴾
اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى	تو کیا وہ جس نے بنیادرکھی اپنی عمارت کی تقویٰ پر
مِنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانٍ خَيْرٌ	اللہ کی طرف سے اور رضامندی پر (وہ) بہتر ہے
اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ	یا جس نے بنیادرکھی اپنی عمارت کی
عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ	گر جانے والی کھائی کے کنارے پر
فَانْهَارَ بِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ ؕ	پس وہ لے گری اسکو جہنم کی آگ میں
وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿109﴾	اوراللہ نہیں ہدایت دیتا ظالم قوم کو (زبردستی)۔ ﴿109﴾
لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِيْ بَنَوْا	ہمیشہ رہے گی انکی عمارت جو انہوں نے بنائی
رِيْبَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ	شک ڈالنے والی ان کے دلوں میں
اِلَّآ اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ ؕ	مگر یہ کہ پاش پاش ہوجائیں انکے دل
وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿110﴾ ع	اوراللہ خوب علم رکھنے والا بہت حکمت والا ہے۔ ﴿110﴾
اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ	یقیناً اللہ نے خرید لیا ہے مومنوں سے

ع 13 / 11 / 2

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُحِبُّ	محبّ، محبوب، محبت، حبیب۔	رِيْبَةً	کتاب لاریب۔
الْمُطَّهِّرِيْنَ	طہارت، طاہر، مطہر۔	تَقَطَّعَ	قطع تعلقی، انقطاع، منقطع۔
اَسَّسَ	اساس، تاسیس، مؤسس	قُلُوْبُهُمْ	قلب، قلبی تعلق، امراض قلب۔
تَقْوٰى	تقویٰ، متقی۔	عَلِيْمٌ	علم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
رِضْوَانٍ	راضی، مرضی، رضامندی۔	حَكِيْمٌ	حکیم، حکمت، محکم، حکمت ودانائی۔
يَهْدِي	ہادی، ہدایت، مہدی۔	اشْتَرٰى	مشتری ہوشیار باش، بیع وشرا۔
الظّٰلِمِيْنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	الْمُؤْمِنِيْنَ	امن، ایمان، مومن۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ اللّٰهُ	يُحِبُّ ❶	الْمُطَّهِّرِيْنَ (108)	اَفَمَنْ ❷	اَسَّسَ
اور اللہ	پسند کرتا ہے	سب پاک رہنے والوں کو	تو کیا جس نے	بنیاد رکھی

بُنْيَانَهٗ ❸	عَلٰى تَقْوٰى	مِنَ اللّٰهِ	وَ	رِضْوَانٍ	خَيْرٌ
اپنی عمارت کی	تقویٰ پر	اللہ کی طرف سے	اور	رضامندی پر	(وہ) بہتر ہے

اَمْ	مَّنْ	اَسَّسَ	بُنْيَانَهٗ ❸	عَلٰى شَفَا	جُرُفٍ	هَارٍ
یا	جس نے	بنیاد رکھی	اپنی عمارت کی	کنارے پر	کھائی کے	گر جانے والی

فَانْهَارَ بِهٖ	فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ	وَاللّٰهُ	لَا	يَهْدِي ❶
پس وہ لے گری اس کو	جہنم کی آگ میں	اور اللہ	نہیں	ہدایت دیتا

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ❹ (109)	لَا يَزَالُ ❶❺	بُنْيَانُهُمُ	الَّذِيْ	بَنَوْا
سب ظالم قوم کو	ہمیشہ رہے گی	انکی عمارت	جو	ان سب نے بنائی

رِيْبَةً ❻	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	اِلَّآ	اَنْ	تَقَطَّعَ ❼	قُلُوْبُهُمْ ط
شک ڈالنے والی	ان کے دلوں میں	مگر	یہ کہ	پاش پاش ہو جائیں	انکے دل

ع 13 11 2

وَ اللّٰهُ	عَلِيْمٌ ❽	حَكِيْمٌ ❽ (110) ع	اِنَّ اللّٰهَ	اشْتَرٰى	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ
اور اللہ	خوب علم رکھنے والا	بہت حکمت والا ہے	یقیناً اللہ نے	خرید لیا ہے	سب مومنوں سے

ضروری وضاحت

❶ علامت یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔❷ أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔❸ اسم کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے، یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔❹ اَلْقَوْمُ میں بہت سے لوگ شامل ہوتے ہیں اس لیے اس کے ساتھ الظّٰلِمِيْنَ جمع کا لفظ استعمال ہوا ہے۔❺ لَا اور يَزَالُ دونوں کو ملا کر ترجمہ ہمیشہ کیا جاتا ہے۔❻ علامت ةً اسم کے آخر میں مؤنث کی علامت الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❼ علامت تَ اور شدّ میں مبالغے کا مفہوم ہے۔❽ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اَنْفُسَهُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ	ان کی جانوں کو اور انکے مالوں کو
بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ	اس کے بدلے کہ بیشک انکے لیے جنت ہے
يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	وہ (مومن) لڑتے ہیں اللہ کے راستے میں
فَيَقْتُلُوْنَ وَ يُقْتَلُوْنَ ۫	پس وہ قتل کرتے ہیں اور قتل کیے جاتے ہیں
وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ	(یہ) وعدہ ہے اس (اللہ) پر سچا تورات میں
وَ الْاِنْجِيْلِ وَ الْقُرْاٰنِ ؕ	اور انجیل اور قرآن (میں)
وَ مَنْ اَوْفٰى	اور کون ہے زیادہ پورا کرنے والا
بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ	اپنے وعدے کو اللہ سے (بڑھ کر)
فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ	پس خوش ہو جاؤ اپنے (اس) سودے پر
الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ	جو تم نے سودا کیا ہے اس سے
وَ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿111﴾	اور یہی بہت بڑی کامیابی ہے ﴿111﴾
اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ	(وہ مومن) توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَنْفُسَهُمْ	نفس، نفسانفسی، نفوس قدسیہ۔	مِنَ	منجانب، منجملہ، من حیث القوم۔
اَمْوَالَهُمْ	مال ودولت، مال وجان، مال متاع۔	فَاسْتَبْشِرُوْا	بشارت، عشرہ مبشرہ۔
يُقَاتِلُوْنَ	قتل، قاتل، مقتول، قتال۔	بِبَيْعِكُمُ	بیع وشرا، مشتری ہوشیار باش۔
سَبِيْلِ	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	الْفَوْزُ	فوز وفلاح، فائز ہونا۔
وَعْدًا	وعدہ، وعید، وعدہ وفا۔	الْعَظِيْمُ	عظیم، عظمت، معظم، تعظیم۔
حَقًّا	حق، حقیقت، محقق، تحقیق۔	اَلتَّآئِبُوْنَ	توبہ، توبہ تائب۔
اَوْفٰى	ایفائے عہد، وفادار۔	الْعٰبِدُوْنَ	عابد، عبد، عبادت، معبود۔

• کالا رنگ : اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ : بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ : نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اَنْفُسَهُمْ ❶	وَ	اَمْوَالَهُمْ ❶	بِاَنَّ ❷	لَهُمُ	الْجَنَّةَ ❸
ان کی جانوں کو	اور	انکے مالوں کو	اس کے بدلے کہ بیشک	انکے لیے	جنت ہے

يُقَاتِلُوْنَ	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	فَيَقْتُلُوْنَ
وہ سب لڑتے ہیں	اللہ کے راستے میں	پس وہ سب قتل کرتے ہیں

وَ	يُقْتَلُوْنَ ❹	وَعْدًا	عَلَيْهِ	حَقًّا	فِي التَّوْرٰىةِ ❸
اور	وہ سب قتل کیے جاتے ہیں	(یہ) وعدہ ہے	اس (اللہ) پر	سچا	تورات میں

وَ	الْاِنْجِيْلِ	وَ الْقُرْاٰنِ	وَ مَنْ	اَوْفٰى ❺
اور	انجیل	اور قرآن (میں)	اور کون ہے	زیادہ پورا کرنے والا

بِعَهْدِهٖ ❷	مِنَ اللّٰهِ	فَاسْتَبْشِرُوْا	بِبَيْعِكُمُ ❷
اپنے وعدے کو	اللہ سے (بڑھ کر)	پس سب خوش ہو جاؤ	اپنے (اس) سودے پر

الَّذِيْ	بَايَعْتُمْ	بِهٖ ❷	وَ	ذٰلِكَ ❻	هُوَ الْفَوْزُ ❼
جو	تم نے سودا کیا ہے	اس سے	اور	یہ	ہی کامیابی ہے

الْعَظِيْمُ ❽ ۝111	اَلتَّآئِبُوْنَ	الْعٰبِدُوْنَ
بہت بڑی	(وہ مومن) سب توبہ کرنے والے	سب عبادت کرنے والے

ضروری وضاحت

❶ هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو اس کا ترجمہ ان کا، ان کی، ان کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❷ بِ کا ترجمہ کبھی بدلہ کبھی کا کی کے کو، کبھی پر، کبھی سے ساتھ اور کبھی بسبب بوجہ کیا جاتا ہے۔ ❸ ة اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ اَوْفٰی کے أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❻ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے ضرورتا کبھی یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❼ هُوَ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اَلْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ	حمد کرنے والے، روزہ رکھنے والے، رکوع کرنے والے
السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ	سجدہ کرنے والے حکم کرنے والے نیکی کا
وَ النَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ	اور روکنے والے برائی سے
